# راہنُمائے قائد

## اِس مطالعہِ بائبل کااِستعمال کیسے کریں

یہ مطالعہِ بائبل قائدین کواپنے گروہوں میں مقدس صحائف کے باہمی اور دلچسپ مطالعے کی راہنمائی کے لیئے سادہ طریقہ کار مہیا کرتا ہے۔ یہ ہر عمر اور درجہِ ایمان کے افراد کواِنفرادی طورپراور چھوٹے گروہوں کی صورت میں صحائف کو گہرائی سے جاننے میں بہترین مدد فراہم کرتا ہے۔
یہ مطالِعہ شُرکا کواِنفرادی طورپر صحائف کے ایک حوالے کوآنے والے ہفتے میں میٹنگ اور گروہ میں تبصرے کے لیئے روزانہ تیار کرنے میں مکمل راہنمائی مہیاکرتا ہے۔
دیاگیاحوالہ شُرکاہر روزپڑھیں، سمجھنے کے لیئے روزانہ دُعا کریں،اورروزانہ کے سوالات کے جواب بھی دیں۔ پاک رُوح،ہر روزاِس حوالے کے گہرے معنی اور نئے خیالات سمجھائے گا۔اِس لیئے شُرکا، خُدا کے کلام کو بہت توجہ سے سیکھ کر مندرجہ ذیل سادہ طریقہ کے مطابق خوداِن سچائیوں کو جانیں اور عملی زندگی میں اپنائیں۔

- **مقصد**

کلام کیافرماتاہے؟
مرکزی خیال کیاہے؟

- **تشریح**

کلام کامطلب کیاہے؟
حوالہ میں اہم الفاظ، جملےاور سچائیاں کون سی ہیں؟

- **عملی اطلاق**

رُوح القُدوس اِس حوالے کو عملی زندگی میں اپنانے کے لیئے میری مدد کیسے کر رہا ہے؟

## بائبل اسٹڈی گروہ کاآغاز کیسے کریں

آپ جو بھی ہیں جہاں بھی رہتے، کام کرتے، یا جس سے بھی ملتے جلتے ہیں، ہماراایمان ہے کہ خداآپ کو موئثر طورپرا ہدیت کے لیئےاِستعمال کرناچاہتا ہے۔آغاز کرنے کے لیئے تین سادہ اقدامات یہاں دیئے گئے ہیں:

## ا۔دُعا مانگنا

---اِس کا آغاز ہمیشہ دُعا اور تعلقات بنانے سے ہوتا ہے

### دُعا

- ایسے دوست کے لیئے دعا مانگیں جو بائبل اسٹڈی گروپ بنانے میں آپ کی مدد کرے گا۔
- بلاناغہ مل کر دُعا مانگیں۔ خُدا سے اُس کا منصوبہ اور ہدایات مانگیں۔
- اپنے علاقے میں چلتے پھرتے ہوئے دُعا مانگیں۔ خُدا سے برکات اور حفاظت کی درخواست کرتے رہیں۔
- لوگوں کا نام لے کر اُن کے لیئے دُعا مانگیں۔ اُن لوگوں سے ملنے، اُن کو کلام سنانے اور اُن کا خیال رکھنے کے لیئے خُدا سے مواقع مانگیں۔ کیونکہ خیال رکھنے سے دِل کھلتے اور اچھے تعلقات اُستوار ہوتے ہیں۔
- دُعا مانگیں کہ اُن کے دل میں بائبل مقدس کے مطالعے کی لگن پیدا ہو۔

### تعلقات

- جو لوگ آپ کے نزدیک رہتے، کام کرتے یا آپ سے رابطہ رکھتے ہیں اُن سے میل جول بنا کر رکھیے۔ حوصلہ افزا دوستانہ رویہ رکھیے۔
- گفتگو کرنے میں پہل کیجیے۔ اچھے سوالات کیجیے اور اُن کی بات غور سے سُنیے۔
- چائے، کافی یا کھانے پر اُن کے ساتھ وقت گزاریے۔
- خوشی اور چاہت سے خدمت کرنے کی کوشش کرتے رہیے۔

## رابطے بنایئے

---دلچسپی رکھنے والوں کو تلاش کیجیے

### رفاقت کی تیاری کیجیے

- وقت، تاریخ اور مقام کا چناؤ کیجیے۔
- جن لوگوں کو بُلانا ہے اُن کی فہرست بنالیجیے۔
- سب کے لیے دُعا مانگیں اور پھر اُنہیں دعوت دیجیے۔
- اگر ممکن ہو تو اُن کے لیے ریفریشمنٹ (کھانے پینے کی ہلکی پھلکی چیزوں) کا اہتمام ضرور کیجیے۔
- اس رفاقت پر تبصرے میں سب کو شامل رکھنے کے لیے سوالات یا سرگرمی کی فہرست بھی پہلے سے بنا کر رکھیے۔

### رفاقت کے لیئے راہنمائی

- چائے یا کافی اور ساتھ میں کچھ کھانے پینے کے لیئے پیش کیجیے۔
- اپنا تعارف کرواتے ہُوئے سب کا استقبال کیجیے اور (سوالات یا سرگرمی کے ذریعے) سب کو ایک دُوسرے کو جاننے کا موقع دیجیے۔
- رفاقت کے اختتام کے وقت اس انداز میں شکریہ ادا کیجیے: ''آج ہم سب نے مل کر بہت عمدہ وقت بسر کیا، میری خواہش ہے کہ آپ سب کو محفوظ ماحول اور ایک دوسرے کی فکر کرنے والی رفاقت فراہم کروں تاکہ ہم ایک گروہ کی صورت میں بائبل مقدس کا مطالعہ کریں اور سمجھیں کہ یہ ہر کسی سے کیا فرما رہی ہے۔ برائے مہربانی مجھے بتایئے گا کہ کون کون دلچسپی رکھتا ہے۔''

## ۳۔ قیادت کیجیے
---اب موقع ہے

• راہنمائے مطالعہ کو ڈاؤن لوڈ کر کے ہر فرد کے لیئے پرنٹ کیجیے۔
• راہنمائے مطالعہ پر دیئے گئے چار حوالہ جات میں سے ایک کا چُناؤ کیجیے۔
• ہر روز کے سوالات کے جوابات کے لیئے شُکر کا اپنی نوٹ بُک اپنے ہمراہ ضرور رکھیں۔

## بائبل اسٹڈی گروہ کی قیادت کرنا

ایک مختصر مگر جامع دُعا سے آغاز کیجیے۔
• خلا پُر کرنا کے بارے میں درج ذیل تعارفی واقعہ پڑھیئے جس میں مطالعے کے موضوع کی وضاحت بھی ہے۔
• کسی سے کلام کا حوالہ پڑھنے کو کہیئے۔
• راہنمائے مطالعہ پر موجود روزانہ کے سوالات کے ذریعے تبصرے کا آغاز کیجیے۔
• جواب کے اِنتظار میں خاموشی سے پریشان مت ہوں۔ مقصد تبصرہ ہے، نہ کہ قائد تمام سوالات کے جواب دے۔
مؤثر تبصرے میں مدد کے لیئے گروہ کو کچھ اُصول مسلسل یاد دلاتے رہنا ضروری ہے، جیسا کہ
• آواز اِتنی بلند ہو کہ سب بآسانی سُن سکیں۔
• جوابات مُختصر ہوں، لمبی کہانیاں نہ سُنائی جائیں۔
• تمام گفتگو کا مرکز مسیح اور بائبل مقدّس ہو۔
• موضوع پر قائم رہیئے اور متنازعہ گفتگو سے پرہیز کیا جائے۔

اپنے گروپ کو یقین دلایئے کہ پاک رُوح صادق اُلقول ہے اور اپنے کلام کے مطابق ہر فرد کی رُوحانی اور جِسمانی زِندگی کے تمام معاملات میں اُن کو اپنی مرضی کے مطابق سکھائے گا تا کہ وہ اس کا عملی اِطلاق اپنی زِندگی میں کر سکیں۔
• مطالعے کے آخر میں آئندہ ہفتے کے لیئے کلام کا حوالہ گھر سے پڑھنے کے لیئے بتا دیجیئے۔
• گروپ کی حوصلہ افزائی کیجیئے کہ وہ مزید افراد کو بھی بائبل کے مطالعے کی دعوت دیں۔ اِس سے گرمجوشی اور بہترین رفاقت کا ماحول قائم ہو گا۔
• آخری دُعا میں بھی سب شریک ہوں۔

مطالعے کو مزید بہتر بنانے کے لیئے کچھ اِضافی سوالات:
• خُدا نے آپ کو مزید کیا سکھایا؟
• کیا آپ اپنے جواب کی مزید وضاحت کر سکتے ہیں؟
• کیا اِس جواب میں کوئی اور کچھ اضافہ کر سکتا ہے؟
• اُس آیت میں کس بات نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا؟

## تعارف:

بائبل کا یہ مطالعہ بنام سُنو مختلف صحیفوں کے ذریعے آپ کی رہنمائی کرتااور ظاہر کرتا ہے کہ خدا آپ سے قربت رکھنااور بات کرنا چاہتا ہے۔ پرانے اور نئے عہد نامے کے بہت سے مرد اور خواتین خُدا کی بات غور سے سُننے اور سوچ سمجھ کر بغیر کسی بحث، شک یا دیر کے اُس کی پیروی کرنے کی بہترین مثالیں پیش کرتے ہیں۔

ریڈیو پر اسٹیشن نہ ملنے کی آواز کو یاد کریں۔ یہ مواصلاتی رابطہ نہ ہونے کو ظاہر کرتااور سننے والوں کی سماعت پر اثرانداز ہوتا ہے۔ لیکن ڈائل کو ذرا سا موڑنا ریڈیو فریکوینسی کو ایڈجسٹ کرتا ہے اور اچانک اسٹیشن واضح ہو جاتا ہے۔ سننے والا موسیقی، کھیلوں کی تقریب، یا خبروں کی رپورٹ واضح طور پر سُننے لگتا ہے۔

بائبل کا موازنہ ایک ریڈیو سٹیشن سے کیا جا سکتا ہے جس کے ذریعے خدا بات کرتا ہے۔ مطالعہ سُنو آپ کو روزمرہ زندگی کے جمود سے دُور جانے اور خُدا کی آواز سُننے کے لیے خود ڈائل کو ایڈجسٹ کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ پیدایش سے مکاشفہ تک خُدا کی یہ خواہش واضح ہے کہ اُس کے بچے اُس کی آواز کو غور سے سُنیں، سوچ سمجھ کر بغیر کسی تاخیر، بحث یا شک کے اُس کی پیروی کریں۔

سنو کے پہلے تین مطالعاتی سفر یشوع، یُوحنّا، اور افسیوں کی کتابوں سے ہیں۔ چوتھا مطالعہ پیدایش، خروج، قُضاۃ، اور ا۔ سموئیل سے ہے۔ بائبل کے مطالعہ، سُنو کو استعمال کرنے سے آپ سیکھیں گے:

- خُدا کی آواز اُس کے لکھے ہوئے کلام کے ذریعے سُننا (یُوحنّا 10:27)
- اُس کے سرگوشی والے کلام کو سُننا (1 سموئیل 3:10)
- خدا کے لکھے ہوئے اور الہامی کلام کی اطاعت اور پیروی کریں (یعقوب 1:22-25)

کیا ہو جب خُدا کی آپ سے بات کرنے کی خواہش اور آپ کی سُننے کی خواہش آپس میں یکجا ہو جائے؟ کیا ہو گا اگر آپ کی پیروی کرنے کی خواہش اس کی برکت دینے کی خواہش سے یکجا ہو جائے؟ آگے بڑھیں ڈائل کو ایڈجسٹ کریں اور اُس کی سنیں۔

NBS2GO

تمام جُملہ حقوق محفوظ ہیں۔ ابتدائی طور پر اس کی اشاعت انگریزی میں ہُوئی مگر بعدازاں این بی ایس ٹُو گو نے ثقافتی اعتبار سے اس کا ترجمہ کروایا۔ خلاپُر کرنا ۲۰۱۶© NBS2GO